Fairfax County Public Schools
8115 Gatehouse Road
Falls Church, VA 22042

STANDARDS OF LEARNING GRADE 3-8 GROWTH COVER LETTER

عزیز والد یا والدہ/ سرپرست:

یہ خط اس بات کا خاکہ پیش کرتا ہے کہ آپ کے طالبعلم کے موسم بہار کے اسٹینڈرڈز آف لرننگ (SOL) یا سیکھنے کے معیار کے نتائج کے بارے میں معلومات تک کیسے رسائی حاصل کی جائے اور آپ کو ورجینیا ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن (VDOE) سے منسلک SOL گروتھ "پیرنٹ لیٹر" کے مواد سے متعارف کرایا جائے ۔

خاندانوں کو SOL گریڈ 3-8 کے طالبعلم کے نتائج سے کیسے مطلع کیا جاتا ہے

مندرجہ ذیل رپورٹیں خاندانوں کو موسم بہار کے SOL ٹیسٹوں کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہیں ۔

- *سرکاری SOL اسکور رپورٹ* - موسم بہار کے تمام SOL پڑھائی ، ریاضی ، اور سائنس کے ٹیسٹوں کیلئے ، یہ رپورٹ SIS ParentVUE میں پوسٹ کی گئی ہے اور ٹیسٹ کی رپورٹنگ کے ہر زمرے یا کیٹیگری کیلئے مجموعی ٹیسٹ سکور ، مجموعی کارکردگی کی سطح ، اور نتائج فراہم کرتی ہے ۔
- *SOL گروتھ کیلئے "والدین کی رپورٹ"* - گریڈ 3-8 کے پڑھائی اور ریاضی کے ٹیسٹ کیلئے ، یہ رپورٹ وقت کے ساتھ تبدیلی کو بذریعہ گراف دکھاتی ہے کہ کس طرح آپ کے طالبعلم کے موسم بہار کے SOL ٹیسٹ کے عمودی پیمانے پر کیے گئے اسکور کا موازنہ اس تعلیمی سال میں دیئے گئے کسی بھی VGA ٹیسٹ کے عمودی پیمانے پر کیے گئے اسکور سے کیا جاتا ہے ۔
- *انٹیگریٹڈ ریڈنگ اینڈ رائٹنگ (IRW) اجزاء کی تفصیلات* - گریڈ 5 اور 8 کے طلبا و طالبات کیلئے جنہوں نے IRW کا حصہ لیا ، تفصیلی نتائج کے ساتھ 1 صفحہ کی رپورٹ آپ کے طالبعلم کے اسکول سے خاندانوں کو ارسال کی جاتی ہے ۔

آپ اپنے طالبعلم کی تعلیم میں کس طرح مدد کر سکتے ہیں

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) ہر طالبعلم کی سیکھنے کی صلاحیت کو فروغ دینے کیلئے خاندانوں کے ساتھ اشتراکِ کار کی کوشش کرتا ہے ۔ مندرجہ ذیل اقدامات خاندانوں کو غوروفکر کرنے کیلئے سوالات اور وسائل و ماخذ پیش کرتے ہیں ۔

مرحلہ نمبر 1 -- اپنے طالبعلم کے اساتذہ سے ان طریقوں کے بارے میں مزید جاننے کیلئے بات کیجیئے جن سے آپ گھر سے مدد کر سکتے ہیں ۔ یہاں کچھ سوالات ہیں جو ہوسکتا ہے آپ پوچھنا چاہیں:

- کیا میرا طالبعلم تمام کلاسوں میں گریڈ لیول پر ہے؟
- میرے طالبعلم کو، کن مہارتوں میں مزید اعانت درکار ہے؟
- میں ان مہارتوں کے حصول میں گھر میں کیسے معاونت کرسکتا / کرسکتی ہوں؟
- کیا کلاس روم کی دیگر اسیسمینٹس ہیں جن سے مجھے آگاہ ہونا چاہیے ، جو میرے طالبعلم کی ترقی کو سمجھنے میں میری مدد کریں گی؟

مرحلہ نمبر 2 -- آپ اور آپ کے طالبعلم گھر پر استعمال کرنے کیلئے دستیاب مفت وسائل وماخذ تک رسائی حاصل کیجیئے ۔ درج ذیل کچھ تجاویز ہیں:

- *طالبعلم کی تعلیم میں معاونت کیلئے ڈیجیٹل وسائل وماخذ* برائے گھر : (https://www.fcps.edu/node/47089)
- *SOL گریڈ 3-8 نتائج* ویب پیج وسائل و ماخذ (http://www.fcps.edu/node/49808)
  - *SOL ٹیسٹ کے نتائج کو سمجھنا* رہنمائی
  - *طالبعلم کی تعلیم میں اعانت کیلئے خاندانی وسائل و ماخذ*
    - *آپ کے طالبعلم کے استاد / استانی سے پوچھے جانیوالے سوالات*
    - *مواد سیکھنے کے وسائل*

اس دستاویز کے ترجمہ کیلئے براہ مہربانی ویب پیج http://www.fcps.edu/node/49808 پر تشریف لے جائیے یا اپنے طالبعلم کے اسکول سے رابطہ کیجیئے ۔

نمونہ

رپورٹ برائے والدین

پہلا آخری
ریاستی ٹیسٹنگ شناخت کنندہ: **XXXXXXXXX**
گریڈ: **X**
اسکول: **XXXX – اسکول کا نام**
ڈویژن: **XXX – ڈویژن کا نام**

ونڈو
ٹیسٹ کی تاریخ: XX/XX/XXXX

ٹیسٹ کا نام

(مضمون کا آئیکون)

یہ رپورٹ کیا ہے؟

یہ رپورٹ ورجینیا اسٹینڈرڈز آف لرننگ ٹیسٹ میں آپ کے بچے کی کارکردگی کو ظاہر کرتی ہے ۔ یہ رپورٹ ، اساتذہ کے اِن پٹ ، کلاس روم کے کام ، رپورٹ کارڈز ، اور طالبعلم کی تفصیل بذریعہ سوال رپورٹس ، خاندانوں اور اساتذہ کو طالبعلم کی ترقی کی زیادہ مکمل تصویر پیش کرتی ہے ۔ آپ ان نتائج کو اس بات کی نشاندہی کرنے میں مدد کیلئے استعمال کرسکتے ہیں کہ آپ کا بچہ کہاں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے اور اُسے کہاں اضافی مدد کی ضرورت ہوسکتی ہے ۔

آپ کے بچے نے مجموعی طور پر کیسے کارکردگی کا مظاہرہ کیا؟

کارکردگی کی سطح اور مجموعی اسکور کیا ہے؟

اس ٹیسٹ میں کارکردگی کی سطحیں یا لیول ہیں جو یہ ظاہر کرتی ہیں کہ آپ کے بچے نے گریڈ لیول کی توقعات کے مطابق کیسی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ۔ مجموعی اسکور آپ کے بچے کی کارکردگی کی سطح کے اندر حاصل کردہ مخصوص عددی اسکور کو ظاہر کرتا ہے ۔

کارکردگی کی سطح:	اس کا کیا مطلب ہے؟
کارکردگی کی سطح	کارکردگی کی سطح کیلئے عمومی صراحت

آپ کے بچے کا مجموعی اسکور



آپ کے بچے کی موجودہ تعلیمی سال میں تعلیمی ترقی

ذیل میں چارٹ اس تعلیمی سال کے دوران آپ کے بچے کے ہر ایک گروتھ اسیسمنٹ میں آپ کے بچے کا اسکور دکھاتا ہے ۔ یہ اسکورز یہ سمجھنے کیلئے استعمال کیئے جاسکتے ہیں کہ آیا آپ کا بچہ ورجینیا کے معیار تعلیم میں متوقع مواد اور مہارت سیکھ رہا ہے ۔ اگر ترقی کی اسیسمنٹ کا اسکور ایک ہی رہتا ہے یا کم ہوتا ہے ، تو یہ استاد سے پوچھنا مددگار ثابت ہوسکتا ہے کہ کیا آپ کے بچے کو اس شعبہ مضمون میں مزید مدد درکار ہے ۔

خزاں	سرما	بہار

آپ کے بچے کے درج بالا ہر ترقی کی اسیسمنٹ میں اسکور کی بنیاد پر، آپ کا بچہ:

عام طور پر اچھی طرح تیار ہے ۔	خطرے میں ہے ۔	اضافی مدد درکار ہے ۔
(کم رینج) اور اس سے اوپر	(کم رینج) - (زیادہ رینج)	(کم رینج) - (زیادہ رینج)